SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**April 26, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی کی پشاور میں پہلی کیپیٹل مارکیٹ ایکسپو

پشاور(اپریل 26 )سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان سٹاک ایکس چینج اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے تعاون سے پشاور میں ملک کی پہلی کیپیٹل مارکیٹ ایکسپو منعقد کی۔اس نمائش میں خیبر پختونخواہ چیمبر آف کامرس اینڈانڈسٹری، نمایاں سٹاک بروکروں،ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور مختلف بینکوں نے اپنے اپنے سٹال لگائے۔

اس ایکسپو کا مقصد پشاوراور گردونواح کے ممکنہ سرمایہ کاروں کو ملک میں موجود سرمایہ کاری کے قانونی مواقع مثلاًکہ سٹاک مارکیٹ، میوچل فنڈس، غیر بینکاری مالیاتی شعبہ اور دیگر قانونی مواقعوں اوران کے فوائد سے آگہی فراہم کرنا تھا۔ایکسپو میں میوچل فنڈز اور سٹاک مارکیٹ میں حصص کے لین دین کے بارے میں آگہی سیمینار بھی منعقد ہوا جس میں شرکا نے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیااور مختلف سوالات کے ذریعے پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے حوالے سے آگہی حاصل کی۔اس موقع پرایس ای سی پی، سی ڈی سی اور سٹاک ایکس چینج کے نمائندوں کے شرکا کے سوالات کے جوابات دئے۔

اس موقع پر خیبر پختونخواہ چیمبر آف کامرس اینڈانڈسٹری کے صدر حاجی محمد افضل نے ایس ای سی پی، پی ایس ایکس اور سی ڈی سی کی کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ عوام میں مالیاتی امور پر آگہی پیدا کرنے اور بہتر سے بہتر سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنے کے لئے کے پی کے چیمبر آف کامرس اور کیپیٹل مارکیٹ کے اداروں کے مابین تعاون کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے اور ایسے سیمینار دیگر شہروں میں بھی منعقد کئے جائیں۔